حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّانی
کی صحبت

**بھاگ نکلنے کی کوئی جگہ نہیں۔**

اسلام علیکم و رحمتہ اللہ و برکاتہ۔
اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمان الرحیم۔
والصلاۃ والسلام علی رسولنامحمدٍسیدُ الاولین والاخرین۔
مددیارسول اللہِ' مدد یا اصحابِ رسول اللہ' مددیامشائخین شیخ عبداللہ داغستانی' شیخ ناظم الحقانی۔ دستور۔
طریقتنا صحبہ والخیرفی الجمیہ۔

جو مسلما ن نہیں اُنھیں جو کچھ سامنے نظر آتا ہے، اُس کو پوجنے لگتے ہیں۔ وہ جو کچھ کرتے ہیں، بےکار جاتا ہے۔ وہ اللہ عزوجل کے خلاف بغاوت کرتے ہیں۔ اللہ عزوجل نے ہر شئے کوپیدا فرمایا ہے۔ اُن کے علاوہ اور کوئی خالق نہیں۔ عبادت صرف اُنکے لئے ہے۔ اب لوگ اللہ کو نہیں مانتے۔ جو اللہ عزوجل کونہیں مانتے، وہ ایمان والے نہیں( جو سچائی کو چھپاتے ہیں وہ، کافر ہیں)۔ وہ اللہ کے خلاف ہیں۔ اللہ کے خلاف جانا، بداخلاقی ہے، کیونکہ اللہ کے علاوہ اور کوئی جگہ نہیں جہاں ہم چھپ سکتے ہیں۔ وہ خود کو چالاک سمجھتے ہیں، اور ساری زندگی دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ ریسرچ کر رہے ہیں۔ ریسرچ ضروری نہیں — اللہ اپنی نشانیاں واضح دکھاتے ہیں۔ ہر نشانی اُن کی نشاندہی کرتی ہے اور کسی کی نہیں!

اللہ صرف ایک ہیں۔ہر چیز اس دنیا میں ، اس کائنات میں، اللہ ہی کی طرف نشاندہی کرتی ہے۔ ہر چیز اللہ کی حقیقت دکھاتی ہے۔ ہر چیز اللہ ہی کی عبادت کرتی ہے۔ صرف بگڑے ہوئے لوگوں کے علاوہ، ہر چیز، پتھر، زمین، درخت، کیڑے، جانور، ہر دوسری چیز۔ حالانکہ اُنکا دماغ نہیں، اُنھوں نے اس خوبصورتی کو قبضہ میں لیا ہے لیکن جو یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ عقلمند ہیں، اللہ کے خلاف بغاوت کرتےہیں۔ تاہم وہ مصیبت اُٹھائیں گے۔ جو سمجھتے ہیں کہ وہ بہت اُوپر اُٹھے ہیں، جو کہتے ہیں،" یہ میں ہوں"۔ جو اللہ کو قبول نہیں کرتے وہ سزا بھگتیں گے۔

جن کا دماغ ہے، جو اپنا دماغ استعمال کرتے ہیں، جو اللہ کے وجود کو تسلیم کرتے ہیں، اللہ کے سامنے کیسے پیش ہونا ہے جانتےہیں، وہ محفوظ رہیں گے۔ دوسروں کا خاتمہ بد نصیب ہوگا۔ اُنکی آخرت جہنم ہے۔ اور کچھ نہیں ہے۔ اور کوئی جگہ نہیں جہاں بچ

حضرت شیخ محمد محمت عادل الحقّانی

کے بھاگ سکتے ہیں۔ سب کو بنانے والے اللہ ہی ہیں۔ آدمی کا کوئی گھر نہیں، کوئی ایک سُراخ بھی نہیں کہ اُس میں چھپ سکے۔ واپسی صرف اللہ ہی کے پاس ہے۔ وہ فرماتے ہیں، " اللہ کی طرف دوڑو، اُنکی سمت چلو۔ اللہ سب کو ہدایت عطافر مائیں، انشاء اللہ۔
ورنہ آرام بے کار ہے۔ اندھے بھی اب دیکھ سکتے ہیں؛ وہ اپنے آنکھ کھولیں تو ٹھیک ہے تاکہ وہ اللہ کی عبادت ہر وقت کر سکیں۔ اور اُنکے احکامات مان سیکں، انشاء اللہ۔

ومن اللہ التوفیق۔
الفاتحہ۔

صحبتِ شیخ محمد محمت عدل
۲۲ جولائی ۲۰۱۸/ ۰۹ ذو القعدہ ۱۴۳۹
اکبابا درگاہ، نمازِ فجر۔